تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 08, 2024

پریس ریلیز

ویکو اسپیس کے توسط سے طلبا اور صنعت کے درمیان بہتر تال میل کے لیے

جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ڈی باکس گلوبل آئی ٹی سولیوشن کے درمیان اشتراک

جامعہ ملیہ اسلامیہ جو ایک مرکزی یونیورسٹی ہے اور علمی فضیلت کے لیے پابند عہد ہے اس نے ڈی باکس گلوبل آئی ٹی سولیوشن پرائیوٹ لمٹیڈ (ڈی باکس) کے ساتھ مل کر طلبا، المنائی، فیکلٹی اور صنعت سے وابستہ ماہرین کو مربوط کر کے ایک فعال ماحول دوست نظام کو فروغ دینے کے مقصد سے اختراعی ویکو اسپیس پلیٹ فارم کے نفاذ کے لیے اشتراک کیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم صنعت کو یونیورسٹی سے مربوط کرنے میں مدد بہم پہنچائے گا اور انٹرنشپ ،صنعت کی مینٹر شپ اور صنعت کے ساتھ مذاکرات کے میدان میں قومی تعلیمی پالیسی کے اہداف کے حصول میں بھی معاونت کرے گا۔

مفاہمت نامے کو باہمی طور پر سرانجام دینے کی تقریب ٹیچر پلیسمنٹ رابطہ کاروں کی موجودگی میں یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل (یو پی سی) جامعہ ملیہ اسلامیہ کے دفتر میں منعقد ہوئی۔ یونیورسٹی کے اقتدار اعلی کی منظوری کے بعد پروفیسر اقبال حسین کارگزار شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی لائق قیادت کے زیر سایہ اس مفاہمت نامے پر دستخط ہوئے۔ڈائریکٹر ٹریننگ اینڈ ایمپ؛پلیسمنٹ ،پروفیسر (ڈاکٹر) راحیلہ فاروقی ،ڈائریکٹر ڈی باکس ،جناب سید عاصم ،ڈائریکٹر سینٹر فار انوویشن اینڈ انٹر پرینیورشپ، پروفیسر (ڈاکٹر) ریحان خان سوری، ڈپٹی ڈائریکٹر، ٹریننگ اینڈ ایمپ پلیسمنٹ ،پروفیسر (ڈاکٹر) صباح خان اور یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے ٹیچر پلیسمنٹ کوآرڈینیٹروں سمیت معزز مندوبین اس موقع پر موجود تھے۔

اس اشتراک سے جامعہ ملیہ اسلامیہ ویکو اسپیس کی جامع خصوصیات سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کرکے اپنے طلبا کو ترقی و خوشحالی کے بہتر مواقع کے ساتھ خود مختار بنائے گا۔

یہ پلیٹ فارم انڈسٹری مینٹر شپ، پروگرام، انٹرنشپ، پروجیکٹس ،پلیسمنٹ ، ٹیلنٹ پروفائلز، گروپس اور ذخائرہ معلومات وغیرہ سمیت متعدد کام میں مدد بہم پہنچائے گا۔

پروفیسر (ڈاکٹر) راحیلہ فاروقی ڈائریکٹر ٹریننگ اینڈ ایمپ؛پلیسمنٹ , جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مفاہمت نامہ کو باضابطہ جناب سید عاصم، ڈائریکٹر ڈی باکس کے حوالے کیا۔ ایک ایسی شراکت کا آغاز ہے جس سے اندرون یونیورسٹی طلبا کی وابستگی اور

پیشہ ورانہ مہارت کے فروغ کی راہیں ہموار ہوں گی۔

اشتراک کے سلسلے میں پروفیسر (ڈاکٹر) راحیلہ فاروقی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا 'ڈی باکس کے ساتھ ویکواسپیس کو اپنے طلبا سے متعارف کرانے کے سلسلے میں ہم بہت پرجوش ہیں۔ یہ پلیٹ فارم طلبا کو علمی اور پیشہ ورانہ طور پر مہارت دلانے کے مواقع اور تعاون کے ہمارے وژن کے ساتھ کامل طور پر ہم آہنگ ہے۔''

جناب عاصم، ڈائریکٹر ڈی باکس نے اشتراک کے تئیں گہرے انہماک اور سرگرمی کا اظہار کیا اور کہا کہ ''ویکواسپیس کو علمی اکائیوں اور صنعت کے درمیان خلیج کو کم کرنے کے مقصد سے وضع کیا گیا ہے۔اس میں طلبا کو پیشہ ورانہ دنیا میں بلا روک ٹوک جانے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ہمیں جامعہ کے ساتھ اشتراک کرنے سے خوشی و بہجت کا احساس ہورہا ہے کہ ہم ان کے طلبا کے لیے ایک طلبا کے لیے سازگار ماحول تیار کرنے میں اپنا تعاون دیں گے۔''

تقریب کے دوران ڈاکٹر ریحان خان سوری نے کہا کہ ویکواسپیس کی وساطت سے طلبا کے لیے اس کے مینٹر شپ پروگرام کے ذریعہ انٹر پرینیورشپ اور مہارت کے فروغ کے بے پایاں امکانات ہیں۔انھوں نے زور دے کر کہا کہ طلبا کی انٹرپرینوشپ کی توقعات اور پیشہ ورانہ زندگی میں کامیابی کے لیے بنیادی مہارتوں کے فروغ کے لیے یہ پلیٹ فارم ایک توانا پلیٹ فارم ہے۔ویکواسپیس کے نفاذ سے جامعہ ملیہ اسلامیہ، طلبا کی وابستگی اور کامیابی کو از سر نو ترتیب دینے اور صلاحیتوں کو پروان چڑھانے اور اختراعیت کو فروغ دینے کے لیے اشتراکی ماحول کے فروغ کے لیے تیار ہوگا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی